اصول حدیث سے متعلق تفصیلی اور جان دار مقدمہ لکھا ہے۔ یوں یہ کتاب وفاق المدارس العربیہ کے تحت بنات کے نصاب میں شامل صحیح مسلم کے منتخب حصہ کی ایک جامع شرح بن گئی ہے۔ احادیث کے عربی متن میں املا وترقیم کی رعایت نہیں کی گئی ہے۔ امید ہے آئندہ ایڈیشن میں اس پہلو پر توجہ مرکوز رکھی جائے گی۔ مولف کی کاوش پر ابتداء میں حضرت ابوالنصر آزاد، مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ، حضرت مولانا فضل محمد مدظلہ اور دیگر علماء کرام کی آراء اور تاثرات بھی شامل ہیں۔

کتاب کی جلد بندی مضبوط اور کاغذ درمیانے درجہ کا ہے۔

خیر الزاد مع فوائد علامہ شرح ارشاد، جمع وترتیب: ابوالحفظ مولانا عبدالرشید بلال، ناشر: مدرسہ اسلامیہ دینی درس گاہ خان گڑھ، سائز: ۲۰×۳۰=۸، صفحات: ۲۲۶۔

زیر تبصرہ کتاب علم صرف کی مشہور کتاب ''ارشاد الصرف'' کی اردو شرح ہے جو مولانا محمد اشرف شاد مدظلہ کے درسی افادات پر مشتمل ہے۔ مولانا عبدالرشید بلال ان کے خصوصی شاگرد ہیں، یہ افادات انہی نے مرتب کیے ہیں۔ شارح کا انداز تفہیم آسان اور دلنشین ہے۔ کتاب کی طباعت اور کمپوزنگ سلیقہ اور معیار کی نہیں۔ ابتداء سے آخر تک ہر عنوان ایک مختلف انداز کتابت میں کمپوز کیا گیا ہے، اس حوالہ سے غالباً کمپیوٹر میں موجود خط وکتابت کی سب قسمیں آزمائی گئی ہیں۔ یہ نہایت بدذوقی کی دلیل ہے، ایک جگہ عنوان دیا گیا ہے ''صیغہائے کھچڑی''، یہ عنوان متانت اور شائستگی کے منافی ہے، ایسے بچکانہ اور غیر سنجیدہ عنوان سے پڑھنے والے اچھا تاثر نہیں لیں گے۔ یہ درسی لحاظ سے طلباء کے لیے ایک مفید شرح ہے، کمپوزنگ اور کتابت کے ناقص معیار سے اس کی افادیت متاثر ہو سکتی ہے۔

خطبات جمعیت— مرتب: حافظ مومن خان عثمانی، ناشر: دارالکتاب مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار لاہور، سائز: ۲۳×۳۶=۱۶، صفحات: ۴۴۷، قیمت: ۱۷۰ روپے۔

زیر تبصرہ کتاب میں حافظ مومن خان عثمانی نے جمعیت علماء ہند اور جمعیت علماء اسلام (پاکستان) کے اکابر علماء کی تقریروں سے اہم اور تاریخی تقریروں کا انتخاب پیش کیا ہے، کتاب میں کل تیئس اکابر علماء کے خطبات شامل ہیں جن میں شیخ الہند مولانا محمود حسن، مولانا سید حسین احمد مدنی، مولانا احمد علی لاہوری، مفتی محمود، مولانا غلام غوث ہزاروی، مولانا عبداللہ درخواستی، مولانا عبدالحق، مولانا فضل الرحمٰن، مولانا حسن جان، مولانا خان شیرانی اور حافظ حسین احمد ودیگر قابل ذکر ہیں۔ کتاب میں شامل بعض اکابر کے خطبات نہایت فکرانگیز ہیں اور سیاست میں دلچسپی رکھنے والوں کے لیے ایک فکری اثاثہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

کتاب کا ٹائٹل دیدہ زیب، طباعت باسلیقہ اور کاغذ درمیانے درجہ کا ہے۔

☆☆☆